# 31-07-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔مرکزی کابینہ نے 15 ویں فینانس کمیشن کی مدت کے دوران مرکزی اسکیم پردھان منتری کسان سمپدا یوجنا کیلئے 6520 کروڑ روپے کے مصارف کی منظوری دی ہے۔

۲۔سپریم کورٹ نے ریاستی اسمبلی کے اسپیکر کو ہدایت دی ہے کہ وہ بی آر ایس سے منحرف ہوکر کانگریس میں شامل ہونے والے ارکانِ اسمبلی کو نا اہل قرار دینے کی درخواستوں پر تین مہینوں کے اندر فیصلہ کریں۔

۳۔انڈومنٹ کے وزیر کونڈا سریکھا نے آج سکریٹریٹ میں محکمہ کے ای۔آفس سسٹم کا افتتاح کیا۔

۴۔ وزیر آب پاشی اتم کمار ریڈی نے ریاست بھر میں محکمہ آبپاشی کی زمینات پر قبضوں کے خلاف کارروائی کی ہدایت دی ہے۔

REPORT

کالیشورم ملٹی لیول لفٹ آب پاشی پراجکٹ کے بارے میں تحقیقاتی رپورٹ جسٹس پی چندر گھوش کمیشن نے آج محکمہ آبپاشی کے پرنسپل سکریٹری راہول بوجا کو پیش کردی۔ یہ رپورٹ مزید کارروائی کیلئے چیف سکریٹری راما کرشنا راؤ کو سونپ دی جائے گی۔تلنگانہ حکومت نے کالیشورم پراجکٹ کے میڈی گڈہ، انارم اور سوندلا بیریجس کی تعمیر میں مبینہ بے قاعدگیوں کی تحقیقات کیلئے 14 مارچ 2024ء کو یہ کمیشن تشکیل دیا تھا۔گزشتہ 15 مہینوں کے دوران کمیشن نے کئی افراد سے پوچھ تاچھ کی اور ان کے بیانات قلمبند کئے۔اکتوبر 2023ء میں میڈی گڈہ بیریج کے ستون زمین میں دھنس گئے تھے اس کے علاوہ انارم اور سوندیلا بیریجس میں شگاف پڑ گئے تھے۔امکان ہے کہ حکومت اِس رپورٹ کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد آئندہ لائحہ عمل طئے کرے گی۔

Cabinet

مرکزی  کابینہ نے 15 ویں فینانس کمیشن کی مدت کے دوران مرکزی اسکیم پردھان منتری کسان سمپدا یوجنا کیلئے 6520 کروڑ روپے کے مصارف کی منظوری دی ہے۔اس میں 1920 کروڑ روپے کے زائد مصارف بھی شامل ہیں۔اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے آج دہلی میں میڈیا کو بتایا کہ اس اسکیم کے تحت 50 ملٹی

پروڈکٹ فوڈ ایراڈیشن یونٹوں کے قیام کیلئے ایک ہزار کروڑ روپے کی منظوری بھی شامل ہے۔

Sound Byte

SC-MLA

سپریم کورٹ نے ریاستی اسمبلی کے اسپیکر کو ہدایت دی ہے کہ وہ بی آر ایس سے مستعفی ہوکر کانگریس میں شامل ہونے والے ارکانِ اسمبلی کو نااہل قرار دینے کی درخواستوں پر تین مہینوں کے اندر فیصلہ کریں۔ چیف جسٹس آف انڈیا جسٹس بی آر گوائی اور جسٹس اگسٹین جارج مسیح پر مشتمل بنچ نے تلنگانہ ہائی کورٹ کی ڈویژن بنچ کے فیصلہ کو کالعدم قرار دیتے ہوئے کہا کہ دل بدلی قانون کے تحت ایسے معاملات کی جلد یکسوئی ہونی چاہئے۔ عدالت نے ارکانِ اسمبلی کو فوی طور پر نااہل قرار دینے کی درخواست کو مسترد کردیا۔عدالت نے یہ بھی کہا کہ پارلیمنٹ کو ایک قانون بنانے کی تجویز پر غور کرنا چاہئے تاکہ پارٹی بدلنے والوں کو نااہل قرار دینے کا فیصلہ وقت پر ہوسکے۔ یہ عرضیاں بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ، پارٹی کے کئی ارکانِ اسمبلی اور بی جے پی مقنّنہ پارٹی کے لیڈر مہیشور ریڈی نے دائر کی تھیں۔

BRS

بھارتیہ راشٹر سمیتی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے سپریم کورٹ کے فیصلہ کا خیر مقدم کیا ہے۔انہوں نے سوشیل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے ردعمل میں کہا کہ وہ سپریم کورٹ کے ججوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے اس بات کو یقینی بنایا کہ ملک کے جمہوری ڈھانچہ کو غلط طریقہ سے نقصان نہ پہنچایا جائے۔اس دوران پارٹی کے صدر اور سابق چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ نے سپریم کورٹ کے فیصلہ کے بعد ایراولی میں اپنے فارم ہاؤس پر کے ٹی راما راؤ، ہریش راؤ، جگدیش ریڈی اور لیڈروں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔اسمبلی میں پارٹی کے وہپ کے پی وویکانند نے بتایا کہ دس ارکانِ اسمبلی کو نااہل قرار دینے کی عرضیاں اسپیکر کے پاس 18 مہینوں سے زیر التوا ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر اسپیکر نے تین مہینوں کے اندران عرضیوں پر فیصلہ نہیں کیا تو وہ توہین عدالت کے مرتکب ہوں گے۔

JANAHITA

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر اور ایم ایل سی مہیش کمار گوڑ آج شام پارٹی کی جناہیتا پدیاترا اور شرم دانم کا افتتاح کریں گے۔ یہ پدیاترا رنگاریڈی ضلع کے پرگی سے شروع ہوگی اور چار دن تک جاری رہے گی۔ پدیاترا کے پہلے مرحلہ کا اختتام چار اگست کو نرمل ضلع کے خانہ پور میں ہوگا۔ پدیاترا کے افتتاحی مرحلہ میں اے آئی سی سی کی انچارج میناکشی نٹراجن، مہیش کمار گوڑ کے ہمراہ ہوں گی۔ اس پروگرام کا مقصد عوام کو حکومت کے ترقیاتی اور فلاحی پروگراموں سے واقف کروانا اور مجالس مقامی کے انتخابات سے قبل پارٹی کو مستحکم کرنا ہے۔

WEATHER

تلنگانہ میں آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران اکا دوکا مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بوندہ باندی کا امکان ہے۔ دفتر موسمیات نے بتایا کہ تلنگانہ کے تمام اضلاع میں اکا دوکا مقامات پر ہوائیں چل سکتی ہیں۔ تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون کمزور ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ریاست میں کئی مقامات پر بارش ہوئی۔

SWORN

تلنگانہ ہائی کورٹ کے چار نئے ایڈیشنل ججوں نے آج حلف لے لیا۔ ہائی کورٹ کے احاطہ میں منعقدہ ایک تقریب میں چیف جسٹس اپریش کمار سنگھ نے جسٹس غوث میراں محی الدین، جسٹس سودالا چلاپتی راؤ، جسٹس واکیٹی راما کرشنا اور جسٹس جی پروین کمار کو حلف دلایا۔ اس تقریب میں ہائی کورٹ کے کئی ججوں، سینئر وکلاء اور دوسروں نے شرکت کی۔

Sports

اسپورٹس اور امورِ بالغان کے ریاستی وزیر واکیٹی سری ہری نے کہا ہے کہ ریاست کی ایک جامع اسپورٹس پالیسی تیار کرلی گئی ہے۔ انہوں نے ونپرتی ضلع کے آتما کور سنٹر میں تلنگانہ اسپورٹس اتھاریٹی کے چیرمین شیوسینا ریڈی کے ساتھ مل کر اسپورٹس کانکلیو کے پوسٹر کے اجراء کے بعد یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ اسپورٹس کے شعبہ کو ایک عرصہ تک نظر انداز کیا گیا اور اب چیف منسٹر ریونت ریڈی کی قیادت میں اِس تجدید ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا

کہ ریاست میں اسپورٹس کی ترقی کیلئے سنجیدہ اقدامات کئے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ نئی اسپورٹس پالیسی کا مقصد کھیل کود کے شعبہ کو ترقی دینا ہے۔ اسپورٹس کانکلیو میں ملک بھر سے کھیل کود کے ماہرین اور مختلف اسپورٹس فیڈریشن کے نمائندے شرکت کریں گے۔

Surekha

انڈومنٹ کے وزیر کونڈا اسریکھا نے آج سکریٹریٹ میں محکمہ کے ای۔آفس سسٹم کا افتتاح کیا۔اس سسٹم کا مقصد انڈومنٹ کے محکمہ کی کارکردگی کو بہتر بنانا اور ان میں شفافیت لانا ہے۔انڈومنٹ کے وزیر نے پرنسپل سکریٹری شیلجا رامیار،انڈومنٹ کے کمشنر وینکٹ راؤ اور دیگر عہدیداروں کی موجودگی میں ای۔آفس کا افتتاح کیا۔اس موقع پر کونڈا اسریکھا نے کہا کہ ای۔آفس سسٹم انتظامی اصلاحات کی سمت ایک اہم قدم ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سسٹم پر جلد ہی یادگیری گٹہ اور 30 دیگر مندروں میں عمل آوری کی جائے گی۔

Uttam

وزیر آب پاشی اتم کمار ریڈی نے ریاست بھر میں محکمہ آبپاشی کی زمینات پر قبضوں کے خلاف کارروائی کی ہدایت دی ہے۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ آبپاشی کی جائیدادوں کے حد بندی کرے اور باڑ لگائیں تاکہ انہیں مزید قبضوں سے بچایا جاسکے۔انہوں نے آج سکریٹریٹ میں محکمہ کے عہدیداروں کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں یہ ہدایت دی۔

○○